2025-03-29

Hrs 08.30

HL-Opening

آکاشوانی سے پیش ہے خبرنامہ

آداب: خبرنامے کے ساتھ میں          اسلم بیگ

پہلے اِس وقت کی خاص خبریں

---

1- وزیراعظم نریندر مودی نے کہا ہے کہ حکومت، بہار کی ہمہ جہت ترقی کے تئیں پابند ہے۔

2- صدرِ جمہوریہ دروپدی مرمو آج نئی دلی میں ماحولیات سے متعلق قومی کانفرنس کا افتتاح کریں گی۔

3- مہاراشٹر سرکار نے غلط یا گمراہ کُن خبروں پر فوری کارروائی کے لیے سبھی محکموں کو رہنما خطوط جاری کیے ہیں۔

4- بھارت نے، زلزلے سے متعلق میانما کے لیے 15ٹن راحت سامان روانہ کیا ہے۔

5- اُردن میں ایشین کُشتی چیمپین شپ میں منیشا بھان والا نے بھارت کا پہلا سونے کا تمغہ حاصل کیا ہے۔

6- اور

IPLکرکٹ میں چنئی کے ایم اے چدمبرم اسٹیڈیم میں رایل چیلنجرس بینگلورو نے چنئی سپر کنگس کو 50 رن سے ہرایا۔

(Music)

اب خبریں تفصیل سے۔

PM Cabinet Decision

وزیراعظم نریندر مودی نے کابینہ کے اُن فیصلوں کی تعریف کی ہے جن میں اُس نے بہار میں، کوسی میچی ریاست بھر کے رابطہ پروجیکٹ کو شامل کرنے کی منظوری دی ہے۔ یہ منظوری پردھان منتری کرشی سینچائی یوجنا کے تحت تیزی سے سینچائی کرنے کے فائدوں کے پروگرام اور ایک چار لین والے پٹنہ - ساسارام راہداری پروجیکٹ کے تحت دی گئی ہے۔

ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں جناب مودی نے کہا کہ حکومت، بہار کی ہمہ جہت ترقی کا عزم کیے ہوئے ہے۔ انھوں نے کہا کہ اِس پروجیکٹ کے تحت نہ صرف ایک بڑے رقبے میں سینچائی کے لیے پانی فراہم کیا جائے گا بلکہ اِس سے کسان بھائیوں اور بہنوں کی آمدنی میں بھی اضافہ ہوگا۔

کَل نئی دلی میں نامہ نگاروں سے بات کرتے ہوئے اطلاعات و نشریات کے وزیر اشونی ویشنو نے کہا کہ اِس پروجیکٹ سے بہار کے ارریا، پُورنیہ، کشن گنج اور کیٹّہار ضلعوں میں خریف کے

موسم کے دوران دو لاکھ دس ہزار ہیکٹیر سے زیادہ رقبے میں اضافی سالانہ سینچائی کی سہولت فراہم ہوگی۔

جناب ویشنو نے یہ بھی بتایا کہ حکومت نے چار لین والے گرین فیلڈ اور براؤن فیلڈ پٹنہ ـ آرا ـ ساسارام راہداری کی تعمیر کو منظوری دی ہے، جس کی لمبائی 120 اعشاریہ ایک صفر کلومیٹر ہے۔ وزیر موصوف نے کہا کہ اِس پروجیکٹ سے، بنیادی ڈھانچ کو فروغ حاصل ہوگا اور 48 لاکھ دن کا روزگار فراہم ہوگا۔

S/B Ashwani on Bihar

PM Maharashtara Chhattisgarh

وزیر اعظم نریندر مودی کل مہاراشٹر اور چھتیس گڑھ کا دورہ کریں گے۔ مہاراشٹر میں وہ صبح تقریباً 9 بجے ناگپور جائیں گے اور Smruti مندر میں درشن اور اس کے بعد Deekshabhoomi کا بھی دورہ کریں گے۔ اس کے بعد جناب مودی ناگپور میں Madhav Netralaya Premium Center کا سنگِ بنیاد رکھیں گے اور ایک عوامی جلسے سے خطاب کریں گے۔ جناب مودی شہر کے Solar Defence اور Aerospace Limited میں UAVs کے لیے Loitering Munition Testing Range کا بھی افتتاح کریں گے۔

اس کے بعد وزیر اعظم چھتیس گڑھ کے بلاسپور جائیں گے اور 33 ہزار کروڑ روپے سے زیادہ مالیت کے کثیرجہتی پروجیکٹوں کو وقف کریں گے۔ جناب مودی کا ایک عوامی جلسے سے خطاب کا بھی پروگرام ہے۔×

President NGT Conference

صدر جمہوریہ دروپدی مرمو آج نئی دلّی میں، ماحولیات 2025 پر قومی کانفرنس کا افتتاح کریں گی۔ اس دو روزہ پروگرام میں ماحولیات سے متعلق اہم معاملات اور قابلِ عمل حل تیار کرنے پر تبادلۂ خیال کے لیے ماحولیات سے متعلق ماہرین، پالیسی ساز اور کارکن جمع ہوں گے۔ یہ کانفرنس قومی گرین ٹرائبونل کے ذریعے منعقد کی جا رہی ہے۔ اس میٹنگ میں 4 تکنیکی اجلاس ہوں گے، جس میں آب و ہوا کی تبدیلی، آلودگی پر قابو پانے، حیاتیاتی تنوع برقرار رکھنے اور پائیدار ترقی سمیت ماحولیات کو درپیش چیلنجز پر بات چیت ہوگی۔ اِن اجلاس کا مقصد بھارت اور پوری دنیا میں ماحولیاتی پائیداری کو فروغ دینے کے لیے تمام سیکٹروں میں بامعنیٰ بات چیت اور تعاون کو پروان چڑھانا ہے۔×

Maha Govt. News

مہاراشٹر سرکار نے ایک سرکاری قرارداد کے ذریعے اپنے سبھی محکموں کے لیے رہنما خطوط جاری کیے ہیں، جن میں ریاستی سرکار کے بارے میں غیر حقیقی یا گمراہ کُن خبروں پر فوری کارروائی کے لیے کہا گیا ہے۔ یہ قدم سرکاری قرارداد جاری کیے جانے کے دو ہفتے بعد اٹھایا گیا ہے، جس میں کہا گیا تھا کہ سرکار سے متعلق خبروں پر چاہے وہ پرنٹ ہو، الیکٹرانک ہو، سوشل یا ڈجیٹل ہو، قریبی نظر رکھنے کے لیے دس کروڑ روپے کی لاگت سے ایک میڈیا مونیٹرنگ مرکز

قائم کیا جائے۔ یہ مرکز خبروں کا تجزیہ کرے گا اور ریاستی سرکار سے متعلق منفی نوعیت کی یا گمراہ کُن خبریں پھیلانے کے خلاف کارروائی کرے گا۔

اطلاع اور تعلقات عامہ کے ڈائریکٹر جنرل بریجیش سنگھ نے اِس سلسلے میں کہا کہ یہ سرکُلر جاری کرنے کا حکومت کا مقصد حکمرانی سے متعلق اہم خبروں کو اپنے علم میں لاکر اپنے کام کاج کی استعداد میں اضافہ کرنا اور شہریوں کو بہتر خدمات فراہم کرنا ہے۔

Home Minister Fire Service

مرکزی وزیر داخلہ امت شاہ کی چیئرمین شپ کے تحت ایک اعلیٰ سطحی کمیٹی نے فائر سروسز کی توسیع اور اسے جدید بنانے کی اسکیم کے تحت 5 ریاستوں کے لیے ایک ہزار 604 کروڑ روپے سے زیادہ مالیت کے پروجیکٹوں کو منظوری دے دی ہے۔ یہ ریاستیں ہیں بہار، گجرات، جھارکھنڈ، مہاراشٹر اور کیرالہ۔

کمیٹی نے اکتوبر 2023 کے دوران سکّم ریاست میں تباہ کُن Glacial Lake Outburst Flood سے پیدا ہونے والی صورتحال کے پیشِ نظر بازآبادکاری اور تعمیر نو کے لیے 555 کروڑ روپے سے زیادہ کی منظوری دی ہے۔

مرکزی حکومت نے ریاست کے ڈیزاسٹر ریسپونڈ فنڈ کے تحت 28 ریاستوں کو 19 ہزار کروڑ روپے سے زیادہ کی رقم جاری کی ہے، جبکہ موجودہ مالی سال کے دوران State Disaster Mitigation Fund کے تحت 16 ریاستوں کو 3 ہزار 229 کروڑ روپے کی رقم جاری کی ہے۔×

Bihar Amit Shah

مرکزی وزیر داخلہ اور BJP کے سینئر رہنما امت شاہ آج بہار کا دورہ کریں گے۔ ریاست کے اپنے دو روزہ دورے کے دوران جناب شاہ گوپال گنج میں ایک عوامی جلسے سے خطاب کریں گے اور پٹنہ میں ریاستی سطح کے Cooperative Conclave میں ایک عوامی میٹنگ سمیت کئی پروگراموں میں شرکت کریں گے۔ پٹنہ پہنچنے کے بعد جناب شاہ آج شام پارٹی لیڈروں کے ساتھ ایک میٹنگ کریں گے۔ جناب شاہ BJP کی ریاستی کور کمیٹی کے ساتھ بھی ایک میٹنگ کریں گے۔

کل جناب شاہ پٹنہ میں ریاستی سطح کے Cooperative Conclave کا بھی افتتاح کریں گے۔

جناب شاہ 800 کروڑ روپے سے زیادہ مالیت کے متعدد ترقیاتی پروگراموں اور پروجیکٹوں کو وقف کریں گے اور سنگِ بنیاد رکھیں گے۔×

Telengana Food Security

تلنگانہ سرکار، کَل تیلگو نئے سال کے پہلے دن اُگاڑی کے موقعے پر راشن کارڈکے حامل لوگوں کو مفت چاول تقسیم کرنا شروع کرے گی۔ وزیراعلیٰ اے ریونت ریڈّی، حضور نگر میں کَل ایک عوامی جلسے کے دوران، اِس اسکیم کا باقاعدہ آغاز کریں گے۔

نامہ نگاروں سے بات کرتے ہوئے ریاست کے تقسیمِ عامہ کے وزیر این اُتّم کمار ریڈّی نے دعوی کیا کہ یہ اسکیم ملک میں اپنے انداز کی سب سے بڑی اسکیم ہے۔ وزیر موصوف نے مزید کہا کہ ہر ایک اہل شخص کو یکم اپریل سے تقسیم عامہ کے نظام کے تحت ہر مہینے چھ کلوگرام چاول فراہم کیے جائیں گے۔ اِس اسکیم سے ریاست کے تقریباً 3کروڑ 10 لاکھ عوام کو فائدہ پہنچے گا، جو ریاست کی تقریباً 85 فیصد آبادی ہے۔x

MP Wheat

مدھیہ پردیش میں، حکومت کم از کم امدادی قیمت MSP پر گیہوں کی خریداری کر رہی ہے اور کسان بھی اپنی زرعی پیداوار کو جوش و خروش کے ساتھ فروخت کر رہے ہیں۔ اس سال اب تک 13 لاکھ 98 ہزار کسانوں کا MSP پر گیہوں کی فروخت کے لیے رجسٹریشن کیا جا چکا ہے۔ رجسٹریشن کی آخری تاریخ 31 مارچ ہے۔

ایک رپورٹ

V/C - Sanjeev Sharma

مدھیہ پردیش میں، کم سے کم امدادی قیمت پر تقریباً 75 ہزار کسانوں سے 5 لاکھ 80 ہزار میٹرک ٹن سے زیادہ گیہوں کی خریداری کی جا چکی ہے۔ خریدے گئے گیہوں کے لیے کسانوں کو اس کی ادائیگی کیے جانے کا سلسلہ بھی جاری ہے۔ اس سلسلے میں کسانوں کو اب تک 757 کروڑ روپے سے زیادہ کی ادائیگی کی جا چکی ہے۔

مدھیہ پردیش میں، گیہوں کی کم سے کم امدادی قیمت 2 ہزار 425 روپے فی کوئنٹل ہے۔ ریاستی حکومت فی کوئنٹل پر 175 روپے کا بونس دے رہی ہے۔ اس طرح 2 ہزار 600 روپے فی کوئنٹل کی قیمت پر گیہوں کی خریداری کی جا رہی ہے۔

بھوپال سے سنجیو شرما کی رپورٹ کے ساتھ خبرنامے کے لیے میں ............

BREAK

یہ خبرنامہ آکاشوانی سے نشر کیا جارہا ہے۔

GONG

Indian Aid Myanmar

بھارت نے کل میانما میں زلزلہ آنے کے بعد وہاں تقریباً 15 ٹن راحت کا سامان بھیجا ہے۔ ذرائع کے مطابق یہ سامان بھارتی فضائیہ کے طیارے C-130-J کے ذریعے ہنڈن فضائیہ اسٹیشن سے روانہ کیا گیا۔ اِس راحت سامان میں خیمے، سلیپنگ بیگ، کمبل، تیار کھانا اور Generator Sets، جیسا لازمی سامان شامل ہے۔ اِس کے علاوہ پیراسیٹامول، اینٹی بایوٹِکس، Syringes، دستانے اور بینڈیج جیسی اہم طبی چیزیں بھی بھیجی جا رہی ہیں۔

وزیراعظم نریندر مودی نے میانما اور تھائی لینڈ میں اِس زلزلے پر تشویش کا اظہار کیا ہے۔ ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں جناب مودی نے دونوں ملکوں کے شہریوں کی حفاظت اور خوشحالی کی دعا کی ہے۔

میڈیا کوجانکاری دیتے ہوئے اِس حادثے کے بارے میں خارجہ سکریٹری وِکرم مسری نے ایک سوال کا جواب دیتے ہوئے کہا کہ وہ میانما میں حکام کے ساتھ رابطے میں ہے اور یہ معلوم کرنے کی کوشش کر رہے ہیں کہ اصل میں کتنی مدد اور راحت سامان کی ضرورت ہے۔ انھوں نے کہا کہ جب کبھی اِس طرح کی قدرتی آفات رونما ہوتی ہیں تو بھارت، پڑوسی ملکوں میں راحت کارروائی کرنے والا پہلا ملک ہوتا ہے۔

میانما اور اُس کے پڑوسی ملک تھائی لینڈ میں کَل ایک طاقتور زلزلہ آیا تھا، جس میں عمارتیں، پُل اور بودھ عبادت گاہیں تباہ ہوگئی تھیں۔ میانما میں کم سے کم 140 افراد ہلاک ہوئے ہیں۔ تھائی لینڈ کی راجدھانی بینکاک میں کم سے کم 10 افراد ہلاک ہوئے ہیں۔ یہاں ایک زیر تعمیر اونچی عمارت منہدم ہوگئی۔x

## MEA US

خارجہ سکریٹری وکرم مسری نے بھارت اور امریکہ کے درمیان دفاعی مفادات کو ایک دوسرے کے مطابق بنانے کے طریقِ کار کو مستحکم کرنے پر زور دیا ہے۔ امریکہ کے نائب وزیر خارجہ کِرسٹوفر Landau کو مبارکباد دیتے ہوئے جناب مسری نے بھارت - امریکہ جامع عالمی اہم شراکت داری کی اہمیت کو اجاگر کیا۔

دونوں حکام نے بڑھتے ہوئے دوطرفہ تجارتی، دفاعی اور ٹیکنالوجی کے اشتراک پر بھی بات چیت کی اور نقل و حمل نیز ایک دوسرے کے ملکوں میں آنے جانے سے متعلق معاملات پر بھی تبادلہئ خیال کیا۔ طرفین نے مشترکہ مفادات کے معاملے پرجاری مذاکرات کو برقرار رکھنے سے اتفاق کیا۔

خارجہ سکریٹری نے جناب Landau کو جلد از جلد بھارت آنے کی دعوت بھی دی۔x

## Elon Musk X & AI

ٹیک ارب پتی ایلن مسک نے سوشل میڈیا سائٹ X کو مصنوعی ذہانت کی اپنی کمپنی xAI کو 33 ارب امریکی ڈالر کے معاہدے کے تحت کل رات فروخت کر دیا۔ مسک نے ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں کہا کہ یہ اقدام xAI کی جدید AI صلاحیت اور مہارت کو X کی وسیع رسائی کے ساتھ جوڑ کر بے پناہ امکانات فراہم کرے گا۔ انہوں نے کہا کہ یہ معاہدہ xAI کی 80 بلین امریکی ڈالر اور X کی 33 بلین امریکی ڈالر قدر پر طے کیا گیا ہے۔

ایلن مسک نے، جو Tesla اور SpaceX کے سی ای او اور ساتھ ہی ساتھ صدر ڈونلڈ ٹرمپ کے مشیر کے طور پر بھی خدمات انجام دے رہے ہیں، 2022 میں اس سائٹ کو (جو اس وقت Twitter کہلاتی تھی) 44 بلین ڈالر میں خریدا تھا۔ انہوں نے ایک سال بعد ہی xAI لانچ کیا۔x

## IMD Weather

بھارتی محکمہئ موسمیات IMD نے آج جموں و کشمیر میں موسلا دھار بارش اور برفباری کی پیشگوئی کی ہے۔ ہماچل پردیش، اتراکھنڈ اور پنجاب کے کچھ حصوں میں بھی آج گرج چمک کے

ساتھ شدید بارش ہونے کا امکان ہے۔ لداخ، گلگت، بلتستان، مظفر آباد، کیرالہ، ماہے، تمل ناڈو، پڈّوچیری اور کرائکل میں آج ہلکی سے اوسط بارش ہونے کا امکان ہے۔  موسمیات کے محکمے نے کل اور ہفتے کے روز اروناچل پردیش میں بھی شدید بارش کی پیشگوئی کی ہے۔ IMDکی سائنسداں ڈاکٹر سوما سین رائے نے بتایا ہے کہ اگلے تین روز کے دوران تمل ناڈو، پڈّوچیری، ساحلی آندھراپردیش اور یانم کے دوردراز کے علاقوں میں گرمی اور اُمس کا موسم رہے گا۔

S/B - Soma Sen

IMD کے مطابق شمال مغربی بھارت کے میدانی علاقوں میں اگلے دو روز کے دوران زیادہ سے زیادہ درجۂ حرارت میں بتدریج 2 سے 3 ڈگری سیلسیس کا اضافہ ہونے اور اس کے بعد 3 سے 5 ڈگری سیلسیس تک کمی ہونے کا بھی امکان ہے۔ موسمیات کے محکمے نے اُڈیشہ میں ہفتے اور اتوار کو شدید گرمی رہنے کی پیشگوئی کی ہے۔x

Akashvani Navaratri

آکاشوانی کا یو ٹیوب چینل ”آرادھنا“ سے، نوراتری کے مبارک موقع پر خصوصی پروگرام نشر کیے جائیں گے۔ یہ چینل کل سے چھ اپریل تک اپنے سامعین کے لیے روحانیت سے سرشار پروگرام نشر کرے گا۔

ہمارے نامہ نگارنے بتایا ہے کہ یہ چینل بہت سے خصوصی بھکتی پروگرام نشر کرے گا۔ x

تفصیل ہمارے نامہ نگار سے:

V/C Aman

نوراتری کی تقریبات میں انوپ جلوٹا، نریندر چنچل،   ہری اوم شرن اور انورادھا پوڑوال جیسے مشہور گلوکاروں کے گائے ہوئے بھجن پیش کیے جائیں گے۔ یہ بھجن شام چھ بجے سے شام سات بجے تک روزانہ نشر کیے جائیں گے۔ پرسار بھارتی کے CEO گورو دویویدی نے چینل کے بارے میں کہا کہ اِس پر خاص طور پر تیار کی گئی ایک سیریز نشر کی جائے گی جس میں نوراتری کے ہر دن کی اہمیت کا ذکر کیا جائے گا۔

S/B Gaurav Dwivedi

نوراتری کی یہ تقریبات، رام Janmotsav کے موقع پر اختتام پذیر ہوں گی، جنھیں براہِ راست ایودھیا کے شری رام جنم بھومی مندر سے نشر کیا جائے گا۔ یہ پروگرام چھ اپریل کو نشر کیا جائے گا۔

امن یادو کی رپورٹ کے ساتھ خبرنامے کے لیے میں....

Asian Wrestling Championship

اردن کی راجدھانی عمّان میں جاری، ایشین کُشتی چیمپئن شپ 2025 میں کل بھارتی پہلوان منیشا بھانوالا نے 2021 کے ایڈیشن کے بعد پہلا سونے کا تمغہ جیتا ہے، جبکہ  Antim Panghal نے کانسے کا تمغہ حاصل کیا۔ خواتین کے 62 کلو گرام کے زمرے کے فائنل مقابلے میں منیشا نے

کوریا کی Ok J Kim کو آٹھ-سات سے ہرایا۔ 53 کلو گرام کے Bronze پلے آف میں Panghal نے تائی پی کی پہلوان Meng H. Hsieh کو کسی پوائنٹ کی حصولیابی کے بغیر تکنیکی امتیاز کی بنیاد پر شکست دی۔ بھارتی خواتین پہلوان اس ٹورنامنٹ میں اب تک سونے کا ایک، چاندی کا ایک اور کانسے کے 6 تمغے جیت چکی ہیں۔ مردوں کا فری اسٹائل مقابلہ آج شروع ہوگا۔×

Squash Indian Open

ممبئی میں جاری اسکواش مقابلے میں، کل بھارتی کھلاڑی Anhat Singh نے JSW Indian Open کا خطاب جیت لیا۔ خواتین کے سنگلز کے فائنل میں تیسرے درجے کی Anahat نے ہانگ کانگ کی Helen Tang کو گیارہ-نو، گیارہ-پانچ، گیارہ-آٹھ سے شکست دی۔ اس جیت کے ساتھ سترہ سالہ Anahat کو تین سو رینکنگ پوائنٹ ملے ہیں۔ مردوں کے سنگلز کے فائنل میں بھارت کے ابھے سنگھ نے مصر کے کھلاڑی کریم الترکی کے خلاف اچھے کھیل کا مظاہرہ کیا، مگر وہ ان سے دس-بارہ، چار-گیارہ، گیارہ-سات، دس-بارہ سے ہار گئے۔×

IPL Cricket

IPLکرکٹ میں رائل چیلنجرس بنگلورو نے کل رات چنئی کے ایم-اے چدمبرم اسٹیڈیم میں چنئی سُپر کنگس کو 50 رن سے شکست دے دی۔ جیت کے لیے 197 رن کا نشانہ حاصل کرتے ہوئے چنئی سُپر کنگس نے مقررہ 20 اوورس میں 8 وکٹ کے نقصان پر 146 رن بنائے۔ RCB کے رجت پاٹی دار کو 32 گیندوں میں 51 رن بنانے پر میچ کا بہترین کھلاڑی قرار دیا گیا ہے۔ پہلے بلّے بازی کرتے ہوئے RCB نے 20 اوورس میں 7 وکٹ پر 196 رن بنائے۔

آج احمد آباد کے نریندر مودی اسٹیڈیم میں گجرات ٹائٹنس کا مقابلہ ممبئی انڈینس سے ہوگا۔ یہ میچ آج شام ساڑھے سات بجے شروع ہوگا۔×

Miami Open Djokovic

ٹینس میں، نوواک جوکووِچ Grigor Dimitrov کو چھ-دو، چھ-تین سے ہرا کر 2016 کے بعد پہلی مرتبہ میامی اوپن کے فائنل میں پہنچ گئے ہیں۔ اس طرح اب وہ ATP کیرئیر کا 100 واں خطاب جیتنے کے قریب پہنچ چکے ہیں۔

اب کل فائنل میں جوکووچ کا مقابلہ چیک جمہوریہ کے ابھرتے ہوئے کھلاڑی Jakub Mensik سے ہوگا۔ Mensik نے دوسرے سیمی فائنل میں امریکہ کے Taylor Fritz کو ہرایا۔×

یہ خبریں ہماری ویب سائٹ: news on air.com slash urdu پر بھی دستیاب ہیں۔

GONG

PRESS COMMENTS

اب اخبارات کے آئینہ کے ساتھ ہیں: ......مجیب

شکریہ - اسلم

راجدھانی دلّی سے شائع ہونے والے آج کے بیشتر اخبارات نے میانما اور تھائی لینڈ میں بھیانک زلزلے کی خبر کو شہ سرخی بنایا ہے۔ اخباروں کے مطابق اس تباہ کن زلزلے میں کئی افراد ہلاک، متعدہ زخمی اور بڑے پیمانے پر تباہی ہوئی ہے۔ وزیر اعظم نریندر مودی نے دونوں ملکوں کو ہر ممکن مدد فراہم کرنے کی یقین دہانی کرائی ہے۔

روزنامہ پرتاپ اور ملاپ نے تین سے چھ اپریل تک وزیر اعظم نریندر مودی کے تھائی لینڈ اور سری لنکا کے سرکاری دورے کی خبر کو پہلے صفحہ پر جگہ دی ہے۔ وہ چار اپریل کو بینکاک میں چھٹی بی آئی ایم ایس ٹی ای سی چوٹی کانفرنس میں شرکت کریں گے۔

صدر جمہوریہ دروپدی مرمو آج راجدھانی میں ماحولیات پر مبنی کانفرنس 2025 کا افتتاح کریں گی، جس کا انعقاد نیشنل گرین ٹریبونل کر رہا ہے۔ اس خبر پر روزنامہ راشٹریہ سہارا اور پرتاپ نے توجہ مرکوز کی ہے۔

میرین کارگو ٹرانسپورٹ بِل 2024 لوک سبھا میں منظور، اِس خبر کو روزنامہ ہندوستان ایکسپریس اور کچھ دیگر اخباروں نے اجاگر کیا ہے۔ آبی گزرگاہوں اور جہازرانی کے مرکزی وزیر سربانند سونووال کی طرف سے بِل پر مختصر جواب کے بعد اسے صوتی ووٹ سے منظور کر لیا گیا۔

مرکزی ملازمین کے مہنگائی بھتے میں دو فیصد اضافے کی خبر کو روزنامہ انقلاب اور ہندوستان ایکسپریس نے اولیت دی ہے، جن کے مطابق اس کی شرح 53 سے بڑھ کر اب 55 فیصد ہوگئی ہے۔×

آخر میں خاص خاص خبریں ایک بار پھر

1- وزیراعظم نریندر مودی نے کہا ہے کہ حکومت، بہار کی ہمہ جہت ترقی کے تئیں پابند ہے۔

2- صدرِ جمہوریہ دروپدی مرمو آج نئی دلی میں ماحولیات سے متعلق قومی کانفرنس کا افتتاح کریں گی۔

3- مہاراشٹر سرکار نے غلط یا گمراہ کُن خبروں پر فوری کارروائی کے لیے سبھی محکموں کو رہنما خطوط جاری کیے ہیں۔

4- بھارت نے، زلزلے سے متعلق میانما کے لیے 15ٹن راحت سامان روانہ کیا ہے۔

5- اُردن میں ایشین کُشتی چیمپین شپ میں منیشا بھان والا نے بھارت کا پہلا سونے کا تمغہ حاصل کیا ہے۔

6- اور

IPLکرکٹ میں چنئی کے ایم اے چدمبرم اسٹیڈیم میں رایل چیلنجرس بینگلورو نے چنئی سپر کنگس کو 50 رن سے ہرایا۔

اسی کے ساتھ یہ خبر نامہ ختم ہوا۔